نماز حاجت پڑھ کر کی جانے والی دعا

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ، وَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَ الْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ، وَّ السَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ، لَّا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَ لَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَ لَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

ترجمہ:

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ نہایت بردبار، کرم فرمانے والا ہے۔ اللہ، جو کہ عرشِ عظیم کا رب ہے، (ہر عیب سے) پاک ہے اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں، جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے (اے اللہ) میں تجھ سے تیری رحمت کے اسباب، تیری (طرف سے ملنے والی) مغفرت کے وسائل، اور ہر نیکی سے حصہ پانے اور ہر گناہ سے محفوظ رہنے کا (سوال کرتا ہوں)۔ میرا کوئی گناہ باقی نہ چھوڑ، ہر گناہ معاف فرمادے اور کوئی غم باقی نہ چھوڑ ہر غم دور فرمادے اور ہر وہ حاجت جس میں تیری رضا ہو، اسے پورا فرمادے۔ اے سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم فرمانے والے۔

سنن ترمذی کی حدیث مبارک میں ہے: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من كانت له إلى الله حاجة أو إلى أحد من بني آدم فليتوضأ وليحسن الوضوء، ثم ليصل ركعتين، ثم ليثن على الله وليصل على النبي صلى الله عليه وسلم ثم ليقل: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ، وَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَ الْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ، وَّ السَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ، لَّا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَ لَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَ لَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ترجمہ: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کو اللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت درپیش ہو، یا اولادِ آدم (یعنی کسی انسان) سے کوئی کام ہو، تو اسے چاہیے کہ وہ وضو کرے اور خوب اچھی طرح کرے، پھر دو رکعت نماز پڑھے، پھر اللہ کی ثناء بیان کرے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پاک پڑھے پھر یہ (اوپر ذکر دہ دعا) پڑھے۔ (سنن ترمذی، جلد 1، صفحہ 489، رقم الحدیث: 479، مطبوعہ دار الغرب الاسلامی، بیروت)

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net